Volume IV
No. 39

SP IV-39-76 (E)
250

THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Friday, May 7, 1976

CONTENTS

	PAGES
Motion *Re* : Situation arising out of declining export of sports goods—*Talked out*	43
Motions *Re* : Situation arising out of scarcity of vegetable ghee, sluggish growth rate in Industrial Sector, extremely poor growth rate in Agricultural Sector, report of National Finance Commission and disproportionate supply of sugar to different Provinces—*Deferred*	64
Resolution *Re* : Fixation of minimum paddy price and procurement of paddy directly from growers instead of rice from millers so as to assure fair price to growers—*Discussion not concluded*	64

PRINTED AT THE CARAVAN PRESS, DARBAR MARKET, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATION, KARACHI

Price : Paisa 50

SENATE DEBATES

SENATE OF PAKISTAN

Friday, May 7, 1976

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at half-past nine of the clock in the morning, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

Mr. Chairman : Now, we will take up motions under rule 187. The first motion is in the name of Khawaja Mohammad Safdar.

MOTION *RE* : SITUATION ARISING OUT OF DECLINING EXPORT OF SPORTS GOODS

Khawaja Mohammad Safdar : As far as I remember, I have already moved this motion.

Mr. Chairman : As this motion has been moved earlier, Khawaja Mohammad Safdar has to start discussion.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! میری اس تحریک کے الفاظ یہ ہیں کہ پاکستان کے کھیلوں کے سامان کی برآمدات میں کمی ہو رہی ہے - اس موضوع کو اس مسئلے کو زیر بحث لایا جائے - جناب چیرمین! یہ ایک شہر کا مسئلہ نہیں ہے - اس میں کوئی شک نہیں کہ جہاں سیالکوٹ کو اس بات پر بجا طور پر فخر ہے کہ وہ شاعر مشرق کا مولد ہے وہاں اس شہر کو یہ بھی فخر حاصل ہے کہ وہ پاکستان کا ایک بہت چھوٹا سا شہر ہوتے ہوئے پاکستان کی خدمت میں دوسرے ہر شہر سے مقابلۃً سبقت لے جا چکا ہوا ہے - میری مراد یہ ہے کہ اگر ہم اپنی برآمدات کے ذریعے سے زرمبادلہ کی آمدنی کا اندازہ لگائیں تو یہ بات انتہائی واضح طور پر ہمارے سامنے آتی ہے کہ یہ دو لاکھ کی آبادی کا شہر آج

[Khawaja Mohammad Safdar]

سے ایک سال قبل پاکستان کی زرمبادلہ کی آمدنی میں کم و بیش پنتیس کروڑ روپے کا اضافہ کر رہا تھا ۔ جس میں سے کم و بیش اکیس بائیس کروڑ روپے کھیلوں کے سامان کی برآمدات سے حاصل کیے جاتے تھے اور ہماری دوسری گھریلو مصنوعات اور آلات جراحی کی برآمدات سے بارہ تیرہ کروڑ روپے سالانہ کا زرمبادلہ حاصل ہو رہا ہے میرا دعویٰ ہے کہ قطع نظر اس بات کے کہ کونسا شہر آبادی کے لحاظ سے چھوٹا ہے یا بڑا ہے ۔ ماسوائے کراچی کے پاکستان کا کوئی ایک شہر بھی خواہ وہ لاہور ہو خواہ وہ حیدرآباد ہو خواہ وہ پشاور ہو اگرچہ جو سیالکوٹ سے آبادی کے لحاظ سے کئی گنا بڑے ہیں برآمدات کے ذریعے ذرمبادلہ کمانے کے اعتبار سے سیالکوٹ سے بہت پیچھے ہیں ۔ کوئی مقابلہ ہی نہیں ہے ۔ لیکن اس کے باوجود میں کہوں گا کہ یہ ایک شہر کا مسئلہ نہیں ہے ۔ یہ ہمارا قومی مسئلہ ہے آج صورت حال یہ ہے کہ ہم بعض حقیر چیزوں ، پیاز ، آلو اور اس قسم کی چیزوں کو برآمد کرنے پر مجبور ہیں اس لیے کہ ہمارے بیلنس آف پیمنٹ میں ایک ارب روپے کا فرق ہے یہ رقم ہمیں زیادہ ادا کرنا پڑتی ہے ۔ ہمیں زرمبادلہ کی ایک ایک پائی کی ضرورت ہے ۔ اس اعتبار سے دیکھا جائے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس مسئلہ کی اہمیت قومی ہے اور میں قومی مسئلہ سمجھ کر ہی اسے معزز ایوان میں پیش کر رہا ہوں ۔ جناب والا ! سرکاری اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ گذشتہ سال کھیلوں کے سامان کی بدآمد کا ٹارگٹ یا نشانہ حکومت کی طرف سے پچیس کروڑ روپے مقرر کیا گیا تھا ۔ لیکن انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ گذشتہ ششماہی میں ہم صرف ۸ء۵۳ کروڑ روپے کی برآمدات کر سکے ہیں برآمدات کی اگر یہی رفتار رہی تو بجائے پچیس کروڑ کے برآمدات کی مالیت محض سترہ کروڑ ہو گی ۔ لیکن اس سے پچھلے سال ہماری برآمدات بیس کروڑ اکیس لاکھ ادا کرنے کی تھیں تو اس لحاظ سے کم و بیش ہماری برآمدات میں ساٹھ فیصدی کمی واقع ہوئی ہے ۔ ظاہر ہے کہ ہر محب وطن پاکستانی کے لیے یہ امر تشویش ناک ہے کہ جب ہم تھوڑے تھوڑے زرمبادلہ کے حصول کے لیے اپنے پیٹ پر پتھر باندھنے پر مجبور ہیں اپنی ضروریات کو کم کرنے پر مجبور ہیں تو اگر برآمدات میں اتنا خسارہ ہو رہا ہے تو اس کی وجوہات کیا ہیں ؟ اس کی وجوہات معلوم ہونی چاہیں اور اگر ہم ان وجوہات کو معلوم کر سکتے ہیں تو ہمارا فرض ہے کہ خواہ ہم گورنمنٹ میں ہوں خواہ ہم اپوزیشن کی طرف بیٹھے ہوں قومی اہمیت کے پیش نظر ان وجوہات کو جو قومی خسارہ کا باعث بن رہی ہیں رفع کیا جائے ۔ جناب چیرمین ! تھوڑا سا پس منظر بتا دوں یہ صنعت سیالکوٹ میں آج سے کم و بیش ستر سال

پہلے شروع کی گئی تھی - قیام پاکستان کے وقت اس صنعت کی برآمدات غیر مسلموں کے ہاتھ میں تھی اور مسلمان محض دستکار تھے - قیام پاکستان کے بعد غیر مسلموں کے چلے جانے کے بعد ان تارکین وطن کا خیال تھا کہ سیالکوٹ اپنے پاؤں پر اس صنعت کے اعتبار سے کھڑا نہیں ہو سکے گا انہوں نے میرٹھ کے قریب نیو سیالکوٹ جا کر بنایا اور اس صنعت کو شروع کیا انہوں نے دنیا کی منڈیوں میں اپنے مال کو بیچنے کی کوشش کی لیکن صد آفرین سیالکوٹ میں بسنے والے پاکستانیوں پر کہ اس شدید مقابلے میں کامیاب ہوئے اور ان کو اس بین الاقوامی منڈی سے باہر نکال دیا - میں دو تین سالوں کے اعداد و شمار آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں - ۱۹۷۲-۷۳ء میں ہماری گورنمنٹ کی جانب سے ٹارگٹ مقرر ہوا کہ آٹھ کروڑ نوے لاکھ روپے کا کھیلوں کا سامان برآمد کیا جائے گا - لیکن صنعت کاروں اور برآمد کنندگان نے اس سے کم و بیش ڈیڑھ گنا مالیت کا مال یعنی تیرہ کروڑ دس لاکھ روپے کا سامان برآمد کیا یعنی اڑتالیس فیصد اس میں اضافہ کیا - ۱۹۷۳-۷۴ء میں حکومت کی جانب سے بارہ کروڑ روپے کا ٹارگٹ مقرر کیا گیا اور حقیقی ایکسپورٹ انیس کروڑ اور اٹھارہ لاکھ تھی یعنی ۶۰ فیصد ٹارگٹ سے زیادہ - ۱۹۷۴-۷۵ء میں انیس کروڑ ٹارگٹ مقرر کیا گیا اور ایکسپورٹ بیس کروڑ اکیس لاکھ کی تھی - ۱۹۷۵-۷۶ء میں پچیس کروڑ کا ٹارگٹ مقرر کیا گیا میرے پاس چھ ماہ کے اعداد و شمار ہیں اسی مدت میں ۸ء۵۳ کروڑ کی ایکسپورٹ ہے - جناب والا ! اس کی وجوہات کیا ہیں ؟ اب میں وجوہات بتاتا ہوں چند بڑی بڑی وجوہات ہیں جو کہ میری نظر میں ' حکومت کی غلط پالیسی، میں دانستہ نہیں کہوں گا - مگر ان پالیسیوں میں سے اکثر نا واقفیت کی بنا پر وضع کی گئیں اور یہ معلوم کرنے کی ضرورت نہ سمجھی گئی کہ ان کے کیا نتائج برآمد ہوں گے - ان پالیسیوں کی وجہ سے ان منڈیوں پر جو کہ traditionally ہمارے پاس تھیں بیرونی ملکوں کو ان پر قبضہ کرنے کا موقعہ مل گیا - مثال کے طور پر ہمارے ہاں خام مال مہنگا ملتا ہے ، بھارت کے مقابلے میں - جس کو بین الاقوامی منڈی میں قدم رکھنے کی اجازت تک نہ تھی وہ اب پھر بین الاقوامی منڈی میں وارد ہو چکا ہے اور وہ ہمارا main competitioner ہے - چمڑے کا ایک تھان (Cow hide) بھارت میں ۸۰ روپے فی تھان کے حساب سے بکتا ہے اور ہمارے ہاں دو سو - دو سو پچیس روپے فی تھان بکتا ہے - اس کی وجہ یہ ہے کہ سقوط ڈھاکہ کے بعد مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد مغربی پاکستان یا موجودہ پاکستان چمڑے کے اعتبار سے خود کفیل نہ رہا - پہلے ہم چمڑا Export کرتے تھے - اب ہم خود کفیل نہیں ہیں - ہماری ضرورت سے کم چمڑا ہم پیدا کر-

[Khawaja Mohammad Safdar]

ہیں ۔ ظاہر ہے کہ رسد اور طلب کے اصول کے مطابق رسد کم ہوئی ۔ طلب بڑھی ۔ اس کے نرخ بڑھ گئے ۔ ویسے بھی بہت سی چیزوں کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں ۔ وہ ایک علیحدہ موضوع ہے ۔ لیکن ایک وجہ یہ ہے ۔ اس کے لیے متعلقہ صنعت سے تعلق رکھنے والے نمائندہ اداروں نے بار بار حکومت سے التماس کی کہ چمڑے کی برآمد بند کر دی جائے ۔ حکومت نے اس سے اتفاق کیا ۔ لیکن اس حد تک کہ کچا چمڑا برآمد نہیں کیا جائے گا ۔ لیکن ہمارے ہاں کی Tanneries نے اسے ایک اور شکل دے دی ۔ اسے wet blue کہتے ہیں وہ ایک نہایت چھوٹا سا اپریشن ہے اس کے بعد چمڑا wet blue ہو جاتا ہے ۔ حقیقت میں یہ کچا چمڑہ ہی ہوتا ہے ۔ اور اس کو انہوں نے کہا کہ یہ finished goods کی حیثیت سے برآمد کیا جائے گا ۔ بار بار حکومت پاکستان کی توجہ دلائی گئی کہ اس پابندی کا اصل مقصد فوت ہو رہا ہے کہ چمڑے کو wet blue کی شکل میں باہر بیجھا جا رہا ہے اس لیے wet blue چمڑے پر پابندی عائد کی جائے ۔ میرے بعض دوست شاید یہ کہیں کہ wet blue سے بھی تو زرمبادلہ حاصل ہوتا ہے ۔ لیکن wet blue چمڑے کے تھان سے جتنا زرمبادلہ کمایا جاتا ہے ۔ اسی تھان کے اگر فٹ بال بنا کر بھیجے جائیں تو وہ دس گنا زیادہ زرمبادلہ اتنے ہی چمڑے کے ٹکڑے سے کمایا جا سکتا ہے ۔ ایک گنا کمانا درست ہے یا دس گنا ۔ اس کا جواب میں یہ دوں گا ۔

جناب والا ! دوسری بڑی وجہ یہ ہے اور یہ وجہ شاید میرے دوستوں کے لیے تعجب کا باعث ہو ۔ گذشتہ سال میں بین‌الاقوامی دنیا میں ایک عجیب رجحان پیدا ہوا ہے اور وہ یہ کہ ڈالر کی قیمت جو گر رہی تھی اس سے قبل ، اس نے بڑھنا شروع کر دیا اور یورپی ملکوں کی کرنسیوں کی قیمت گرنی شروع ہو گئی مثال کے طور پر اٹالین لیرا ڈالر کے مقابلے میں مارکیٹ کے اعتبار سے devalue ہو گیا ۔ فرنچ فرانک پندرہ فیصد کم ہو گیا ۔ ڈینش کرونر ۱۲ فیصد کم ہو گیا ۔ بلجیم فرانک ۱۳ فیصد کم ہو گیا ۔ ڈچ گلڈر ۱۲ فیصد اور سپینش peesta ۱۳ فیصد کم اور یہ مزید کم ہو رہا ہے ۔ آپ دیکھتے ہیں کہ پاونڈ کی قیمت اتنی گر چکی ہے ۔ کہ کسی کے وہم و گمان میں بھی نہ تھا ۔ آج ۱٫۸۵ ڈالر پر پاونڈ بک رہا ہے ۔ مغربی یورپ کے سکوں کے مقابلہ میں ڈالر کی قیمت بڑھ گئی اور ہماری کرنسی ڈالر سے منسلک ہے ۔ اس لئے ڈالر کی قیمت بڑھنے کی وجہ سے ہماری کرنسی کی قیمت بھی یورپین کرنسی کے مقابلے میں بڑھ گئی appreciate ہو گئی ۔ عام طور پر ہم بحث کرتے ہیں کہ ہماری کرنسی کی قیمت گر رہی ہے ۔ لیکن جہاں تک ڈالر کے ساتھ کرنسی کا تعلق ہے ۔ اس

اعتبار سے مغربی یورپ کی کرنسیوں کے مقابلے میں ہماری کرنسی کی قیمت بڑھ گئی - ظاہر ہے کہ اگر ہم پونڈ کے حساب سے برآمد کرتے ہیں تو جو پونڈ پہلے ۲۲ روپے میں آتا تھا وہ اب ۱۹ روپے میں آتا ہے اور اگر کسی برآمد کنندہ نے ایک سو پونڈ کا مال باہر بیجھا تو اسے پہلے ۲۲۰۰ روپے جہاں ملتے تھے - اب وہاں اسے ۱۹۰۰ روپے ملتے ہیں - تین سو روپے اسے کم ملتے ہیں - جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس کی لاگت میں اضافہ ہوا - لاگت بڑھ گئی اور قیمت فروخت میں کمی واقع ہوئی - اس کی آمدنی میں کمی واقع ہوئی - تیسری وجہ اس کی یہ ہے کہ ہماری برآمدات قیمت کے اعتبار سے competitive نہیں رہیں - ہم دوسرے ملکوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے -

جناب والا ! چوتھی وجہ یہ ہے ہندوستان کے مقابلے میں Banking کی سہولیات ہمارے صنعت کاروں اوز برآمد کنندگان کو نہیں - میری اطلاع کے مطابق ہندوستان میں برآمد کنندگان کو چھ اور سات فیصد کے حساب سے Banks کے قرضہ جات پر سود دینا پڑتا ہے - لیکن ہمارے ہاں تیرہ فیصد سے پندرہ فیصد دینا پڑتا ہے - اس کے علاوہ State Bank of Pakistan نے ایک Refinancing Scheme جاری کی ہے جو کہ بعض صنعتوں جن پر وہ لاگو ہے ان کے لیے نہایت مفید ثابت ہوئی ہے - انہیں آسان شرائط پر قرضہ جات ملتے ہیں - لیکن اس سکیم میں بڑی بڑی صنعتیں ہیں اور اگرچہ Carpet Industry بھی اس میں شامل ہے - مگر سپورٹس گڈز اس میں شامل نہیں - اگر یہ Banking facilities ان صنعت کاروں اور برآمد کنندگان کو دی جائیں جن کا تعلق Sport goods سے ہے - تو وہ بھی اس سے فائدہ اٹھا کر اپنی لاگت کم کر سکتے ہیں اور وہ بیرونی ملکوں سے Competition مقابلہ کر سکتے ہیں - اسی طور پر جناب والا ! Banks کے سلسلے میں یہ بھی عرض کروں گا کہ ۱۹۷۳ء تک بینک کے قرضہ کی سہولت ان برآمد کنندگان کو پچاس ہزار روپے تک credit کی تھی - ۱۹۷۳ء میں وہ 25 ہزار کر دی گئی - کم کر دی گئی حالانکہ دوسری اشیاء کے مقابلے میں اس کی قیمتوں میں اضافہ ہونے کی وجہ سے رقم کو بڑھا دینا چاہیے تھا - لیکن الٹا کمی ہوئی اور پچاس ہزار روپے سے پچیس ہزار روپے تک لے آئے حالانکہ قرضہ کی یہ سہولت پچاس ہزار کی بجائے ایک لاکھ کر دینی چاہئے تھی - اب میں یہ کہوں گا اور مجھے خوشی ہے کہ نہ صرف وزیر تجارت تشریف فرما ہیں بلکہ محترم قائم علی شاہ صاحب وزیر صنعت بھی تشریف لے آئے ہیں اور وہ حال ہی میں سیالکوٹ سے ہو کر آئے ہیں - یہ سبھی باتیں سن کر آئے ہیں بلکہ میں تو ان باتوں کو دھرا رہا ہوں - کیوں کہ میری Information کا Source بھی

[Khawaja Mohammad Safdar]

وہی لوگ ہیں جو ان کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے - اس کے علاوہ جناب والا ! میں یہ بھی عرض کروں گا کہ گذشتہ سال پھر میں کہوں گا کہ نادانستہ طور پر کہ اس پالیسی کا کسی مقام پر کیا اثر پڑے گا - ناواقفیت کی بنا پر ہماری Communication Ministry نے Postal rates اس طرح بڑھا دیئے کہ خبر نہیں وہ اس دنیا میں تھے یا کہیں اور تھے - اس کا ایک چھوٹا سا نمونہ پیش کرتا ہوں اور میں یہ عرض کر دوں کہ sports goods کا اکثر و بیشتر مال پوسٹ پارسل کے ذریعے باہر جاتا ہے اور ایک پارسل ۲۲ پونڈ کا ہوتا ہے اور ایک پارسل میں ۲۰ فٹ بال ہوتے ہیں اب جناب والا ! دو تین مثالیں میں بھی پیش کرتا ہوں کہ نیوزی لینڈ میں اب نئے نرخوں سے پہلے ایک پارسل پر ۸ روپے پچاس پیسے کے ٹکٹ لگتے تھے یعنی ایک فٹ بال پر ۴۲ پیسے پوسٹ کی لاگت آتی تھی لیکن اب نرخ ۴۳ روپے فی پارسل ہو گیا ہے یعنی ۲ء۱۵ روپے فی فٹ بال کی جس کی لاگت قیمت بڑھی cost price بڑھی کہاں ۴۲ پیسے فی فٹ بال اور ۲ روپے ۱۵ پیسے اسی طرح سفر کو پوسٹ پارسل بھیجے صورت حال ہے ان نئے نرخوں کے بڑھنے سے پہلے چھ روپے ۴۰ پیسے فی پارسل لاگت تھی یعنی ایک فٹ بال پر ۳۲ پیسے لاگت تھی اور اب ۵۰ روپے فی پارسل postage درکار ہے - یعنی پر فٹ بال پر ڈھائی روپے یا دو روپے ۱۸ پیسے لاگت قیمت چڑھ گئی اور میری اطلاع کے مطابق برآمد کنندگان کے واویلے پر محترم وزیر تجارت نے ایک meeting بھی بلائی اور اس میں Communication division کے بڑے بڑے افسر بھی تشریف لائے اور اس کے سامنے یہ مسئلہ پیش کیا گیا اور انہیں یہ بتایا گیا کہ اس کے اثرات کیا مرتب ہو رہے ہیں اور انہوں نے یہ مانا کہ یہ ملکی مفاد کے خلاف غلط اثرات مرتب ہو رہے ہیں اور اس ملک کے مفاد کے خلاف اثرات مرتب ہو رہے ہیں لیکن انہوں نے کہا کہ چونکہ ہم ایسا کر چکے ہیں - اس لیے اب ہم کچھ نہیں کر سکتے - یہ تو کوئی بات نہ ہوئی اگر آپ نے کہیں غلطی کی ہے یا کسی شخص نے غلطی کی ہے اور اسے اس کا احساس دلا دیا گیا ہے - اس کو بتا دیا ہے اور وہ مان بھی جاتا ہے کہ یہ غلطی قومی مفاد کے خلاف ہوئی ہے تو چاہئے یہی کہ اس حکم کو واپس لیا جائے یا اس حکم پر نظر ثانی کی جائے لیکن یہ عجیب طرح کی انا ہے کہ قوم اور ملت کا نقصان ہو رہا ہے لیکن افسر صاحبان کہتے ہیں کہ ہماری قلم سے جو کچھ نکل گیا ہے وہ درست ہے - اس کو ہم مٹا نہیں سکتے اس لئے ایسی غلط قسم کی انا کو میرے خیال میں قومی مفاد کے پیش نظر ختم کر دیا جائے اس کو چھوڑ دیا جائے تو زیادہ بہتر ہو گا -

جناب والا ! ہندوستان کی فضائی کمپنی Air India نے sports goods کے پارسل کے ایک انتہائی قلیل سپیشل نرخ مقرر کر رکھے ہوئے ہیں تاکہ گاہکوں کو مال بھی جلد سے جلد پہنچ جائے اور برآمد کنندگان کو کم سے کم اس کا کرایہ ادا کرنا پڑے - ہمارے برآمد کنندگان نے بھی PIA کو approach کیا اور جہاں تک مجھے معلوم ہوا ہے کہ منسٹری آف کامرس نے بھی PIA کو approach کیا ہے کہ وہ بھی اس قسم کا کوئی انتظام کریں - لیکن انہوں نے میری اطلاع کے مطابق معذرت کا اظہار کر دیا ہے اور مجھے خوشی ہوگی اگر محترم قائم علی شاہ صاحب اس مسئلہ پر روشنی ڈالیں - حال ہی میں محترم قائم علی شاہ صاحب نے سیالکوٹ سے ہو کر آنے کے بعد اس سلسلے میں ایک دو اچھے کام کئے ہیں - وہ خود بتائیں گے - لیکن ایک آدھ کا میں بھی ذکر کر دیتا ہوں - مثال کے طور پر صنعتکاروں کا یہ مطالبہ تھا کہ artificial leather بنڈل کے حساب کے ذریعے import کرنے کی اجازت تو ہے لیکن اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے import کرنے کی اجازت نہیں ہے - صنعتکاروں کا کہنا تھا کہ بھئی اس طرح ہمارا زیادہ روپیہ صرف ہوتا ہے اور زرمبادلہ بھی زیادہ صرف ہوتا ہے اور ہماری لاگت بھی زیادہ آتی ہے - اس لیے ہمیں چھوٹے ٹکڑے امپورٹ کرنے کی اجازت دی جائے کیونکہ ہم نے اس کو کاٹ کر ہی استعمال کرنا ہے - ہاکی کے ہینڈل پر چڑھانا ہے - کرکٹ کے بلے کے ہینڈل پر چڑھانا ہے یا tennis پر چڑھانا ہے - لیکن حکومت ابھی تک نہیں مان رہی تھی اور محترم قائم علی شاہ صاحب کے وہاں سے ہو کر آنے کے بعد ہماری حکومت کی طرف سے یہ حکم جاری ہو چکا ہے - اس کو joblot کہتے ہیں کہ صنعت کار مصنوعی چمڑے کو joblot کے طور پر import کیا جا سکتا ہے کوئی پابندی نہیں ہوگی - کہ صرف تھانوں کے حساب سے artificial leather منگوایا جائے باقی باتیں وہ خود ارشاد فرمائیں گے اور مجھے خوشی اس بات کی ہے کہ وہ وہاں تشریف لے گئے اور انہوں نے جو کچھ وہاں سے سنا اور دیکھا اور اس پر کسی حد تک عمل کرنے کی کوشش کی کیونکہ شاید ان کی بھی کوئی مجبوری یہاں ہو کیونکہ اس صنعت کے ساتھ کئی ڈویژن کا واسطہ ہے اور شاید بعض ڈویژن ان سے persuade نہ ہو سکے ہوں یا کوئی اور صورت ہو اور اسی طور پر مجھے یہ بھی معلوم ہوا تھا کہ محترم وزیر تجارت بھی آجکل سیالکوٹ تشریف لے جا رہے ہیں - کیونکہ یہ مسئلہ جتنا میرے نزدیک اہم ہے اتنا ہی ان کے نزدیک بھی اہم ہے اور مجھے اس بات کا احساس ہے - لیکن انہیں کچھ مصروفیت ہے اور وہ بیرون ملک جا رہے ہیں اور مجھے توقع ہے کہ شاید واپسی پر وہاں ضرور تشریف لے

[Khawaja Mohammad Safdar]

جائیں گے اور جو کچھ وہ کر سکتے ہیں وہ کریں گے - جناب والا ! اس سلسلے میں یہ درخواست کروں گا کہ ایک دقت اور ہے جو کہ ابھی حال ہی میں گورنمنٹ نے پیدا کی ہے - ابھی پچھلے سال فنانس ایکٹ کے ذریعے یہ حکم ہوا ہے - کہ جو لوگ صناع بھی ہیں اور برآمد کنندہ بھی ہیں - ان کو تو انکم ٹیکس میں rebate دی جائیگی لیکن جو صناع نہیں ہیں صرف برآمد کنندہ ہیں ان کو انکم ٹیکس میں rebate نہیں دی جائیگی - پچھلے سال سے پہلے یہ بات نہیں تھی اور ہر شخص کو خواہ وہ manufacturer ہو یا صرف برآمد کنندہ ہو اس کو انکم ٹیکس میں rebate ملتی تھی - سوال یہ ہے - کہ ہم نے ہر وہ طریقہ اختیار کرنا ہے جس سے ہماری cost of producation لاگت کم ہو - تاکہ ہم دوسرے ممالک کا مقابلہ قیمت کے لحاظ سے کر سکیں اس وقت اس سلسلے میں ہمارا مقابلہ ہندوستان چین اور تائیوان سے ہے اور ہمارے وزیر صنعت یقیناً اس سے واقف ہوں گے کہ بیڈمینٹن ریکٹ اب سیالکوٹ برآمد نہیں کرتا کیونکہ وہ تمام کا تمام کاروبار تائیوان لے گیا ہے بلکہ سیالکوٹ کو اس مارکیٹ سے بالکل نکال دیا گیا ہے کیونکہ تائیوان والے machine made بیڈ مینٹن تیار کرتے ہیں جو ہم سے زیادہ خوبصورت اور قیمت میں بھی ہم سے کم ہیں کیونکہ وہ machine پر تیار کرتے ہیں اور ہمارے صنعت کا یہ حال ہے کہ وہاں کوئی کارخانہ نہیں ہے جس کو کارخانہ کہا جا سکے لوگ اپنی ڈیوڑھیوں میں اور اپنے مکانوں کے کمروں میں دو دو چار چار کاریگر لے کر بیٹھے ہوئے ہیں اور یہ انتہائی قسم کی گھریلو صنعت ہے ابتدائی قسم کی گھریلو صنعت ہے اگرچہ جہاں تک دستکاری کا تعلق ہے دنیا کے ساتھ ہم اس کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہیں لیکن جب لاگت بڑھ جائے تو اس کا کوئی حل ہمارے پاس نہیں ہے اس لئے میں یہ عرض کروں گا کہ حکومت کا یہ فرض ہے کہ وہ کسی نہ کسی طور پر sports goods کی لاگت قیمت کم کرنے میں ان صنعت کاروں کی امداد کرے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ جو شکایات میں نے عرض کی ہیں ان کو رفع کیا جائے - ہندوستان اپنے برآمد کنندگان کو ۳۰% کے سے نقد امداد دیتا ہے اور F.O.B. پر جتنی قیمت کا مال برآمد کرتے ہیں اسی قیمت پر ۳۰% cash subsidiary حاصل کر لیتے ہیں اور محترم وزراء صاحبان اس سے انکار نہیں کریں گے کیونکہ ان سے میری گفتگو بھی ہوئی ہے اگرچہ ان کی اپنی arguments ہیں اور انہوں نے کہا ہے کہ اس طرح ہم اپنے برآمد کنندگان کی cash subsidy سے امداد کریں گے تو وہ شاید یہ مفاد گاھک اپنی طرف transfer کر لے اس لئے وہ کسی اور رنگ میں ان کی امداد کرنا چاہتے ہیں - اس لئے گورنمنٹ کسی اور رنگ

میں امداد کرنا چاہتی ہے تو میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ کس رنگ میں امداد کرنا چاہے ہیں ۔ جناب والا ! یہ میری چند گذارشات تھیں اور میں نے اس مسئلہ کو ایک قومی مسئلہ سمجھ کر ، قومی نقصان سمجھ کر اور قومی ضیاع سمجھ کر اس معزز ایوان میں پیش کیا ہے ۔ مجھے یہ کہنے میں خوشی ہے کہ دونوں وزراء صاحبان جو اس وقت اس معزز ایوان میں تشریف فرما ہیں اور جن کا تعلق اس صنعت سے زیادہ ہے ان دونوں کو اس بات کا احساس ہے کہ یہ قومی مسئلہ ہے ۔ جناب والا ! اگر یہ کسی شہر کا مسئلہ ہوتا تو میں اس کو کبھی اس ایوان میں پیش نہ کرتا اس لئے کہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ معزز ایوان قومی مسائل کے لئے ہے شہری مسائل کے لئے نہیں ہے ۔ جناب والا ! ان گذارشات کے ساتھ میں محترم وزراء صاحبان سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اس مسئلے پر اپنی اولین توجہ اور مؤثر توجہ دیتے ہوئے اس صنعت کو مؤثر امداد دیں گے ۔

Thank you very much.

Mr. Chairman : Thank you .

جی اب حاجی صاحب تقریر کریں گے ۔

حاجی نعمت اللہ خان : جناب چیئرمین صاحب ! سیالکوٹ شہر اپنی سپورٹس اور سرجری میں All India کے وقت سے مشہور ہے ۔ سیالکوٹ شہر نے ۱۹۶۵ء کی جنگ میں جس بہادری ، تحمل اور دلیری کا ثبوت دیا ہے یہ پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ زندہ رہے گا ۔ مجھے بڑی خوشی ہوئی ہے کہ اس پارلیمنٹ کے ممبر محترم جناب خواجہ محمد صفدر صاحب نے جو تقریر کی ہے وہ بڑی تعمیری کی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : حاجی صاحب میں ہمیشہ تعمیری تقریر کرتا ہوں ۔

حاجی نعمت اللہ خان : جناب والا ! اس سلسلے میں جناب خواجہ صاحب نے کچھ تجاویز بھی بتائی ہیں کہ کس طرح ہماری انڈسٹری بڑھ سکتی ہے ۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ شروع میں سیالکوٹ کی ایکسپورٹ کا جو ٹارگیٹ گورنمنٹ نے رکھا تھا وہ ٹارگیٹ انہوں نے اس حد سے زیادہ کر دیا ہے یعنی گورنمنٹ کی توقع بڑھ چڑھ کر ہوگئی ہے ۔ لیکن ۱۹۷۵-۷۶ء میں جو ۲۵ کروڑ ٹارگیٹ تھا وہ گھٹ کر یکدم آٹھ کروڑ ہوگیا ہے اس کی وجہ بھی وہ پوچھنا چاہتے ہیں کہ کس وجہ سے اتنی کمی ہوگئی ہے ۔ لیکن یہ وزیر متعلقہ کا کام ہے کہ وہ بتائیں کہ اتنی کمی کیوں ہوئی ہے ؟ جناب والا ! اس سلسلے میں میں اتنا ضرور کہوں گا کہ اس انڈسٹری کے لئے ان لوگوں کو encouragement ہو جائے گی جس طرح چمڑے کی مہنگائی ہے اور انہیں ارزاں purchase نہیں مل سکتی جہاں تک

[Haji Naimatullah Khan]

Bank facilities اور باقی کریڈٹ کا تعلق ہے وہ پہلے پچاس ہزار تھا لیکن اب پچیس ہزار ہوگیا ہے - کم از کم اگر زیادہ نہ ہو تو اس پرانے کو maintain کیا جائے تو یہ بھی بڑی درست بات ہے - اس طرح انہوں نے postal rates کا کیا ہے اور وہ زیادہ ہیں - تو اس سلسلے میں گورنمنٹ کا اور خاص کر عوامی گورنمنٹ کا یہ فرض ہے اور اس کی یہ ہمیشہ کوشش ہوتی ہے کہ چھوٹے چھوٹے صنعت کاروں کو encouragement دے اور دیتی ہے اور کافی سہولیات دیتے ہیں - انہوں نے postal rates کے متعلق بھی فرمایا ہے - اگر باقی چیزوں کے لئے postal rates زیادہ ہوں تو اس کی کوئی فکر نہیں ہے لیکن انڈسٹریز کے لئے سہولیات کا میسر ہونا ضروری ہے کیونکہ اس کا اثر برآمدات پر پڑتا ہے - اس لئے کہ ہم ہندوستان اور باقی ملکوں کے مقابلے میں برآمدات کرتے ہیں - تو جب تک یہ تمام سہولیات ان صنعت کاروں کو نہ مل جائیں یہ کس طرح اپنی برآمدات زیادہ کریں گے اور جو ۲۵ کروڑ سے کم ہو کر آٹھ کروڑ ہو گئی ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ ان لوگوں کو سہولیات میسر نہیں ہیں - اس لئے برآمدات کو بڑھانے کے لئے صنعت کاروں کو encouragement کی ضرورت ہے - اس کے علاوہ آپ کو پتہ ہے کہ hand-made مشینری میں بڑا فرق ہے - اس لئے میری یہ تجویز ہے کہ سیالکوٹ کے بڑے ہوشیار آدمی abroad بھیجے جائیں اور جو سپورٹس اور سرجری کے لئے بہترین مشینری ہو وہ باہر سے درآمد کرکے اگر سیالکوٹ میں instal ہو جائے اور گورنمنٹ انہیں facilities and encouragement دے دے تو انشاء اللہ سیالکوٹ صنعت کاری کے معاملہ میں دنیا کے تمام ملکوں سے برتری لے جائے گا - اس طرح سے پاکستان کی برآمدات اور exchange کا بھی کافی فائدہ ہوگا - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی گذارشات ختم کرتا ہوں - شکریہ

Mr. Chairman: Thank you very much. Would any other gentleman like to speak before the Mr. Minister winds up? Yes, Mr. Masud Ahmad Khan.

جناب مسعود احمد خان: جناب چیئرمین ! میں نے جناب خواجہ صاحب کے خیالات سنے اور جناب حاجی صاحب کے بھی سنے - یہ سپورٹس میں جو decline ہوئی ہے اس کی وجہ اور چند ایک آئیٹم کا جناب خواجہ محمد صفدر صاحب نے حوالہ دیا ہے - لیکن میں یہ کہوں گا کہ اس کی وجہ مہنگائی نہیں ہے بلکہ سپورٹس گڈز کی جو کوالٹی ہے اس میں بھی یقینی طور پر deterioration ہوئی ہے - جناب والا ! میں کھیل سے متعلق رہا ہوں اور پاکستان کی نمائندگی کھیل کے میدان میں باہر بھی کرتا رہا ہوں اور میں بڑی اچھی طرح اس بات سے واقف ہوں کہ سیالکوٹ کا وہ

جو آج سے دس سال پہلے ایکسپورٹ ہوتا تھا تو وہ اس پر Dunlop یا Slazanger کا نشان لگا کر واپس اس ملک میں بھیجتے تھے اس لئے کہ اس وقت ان کی کوالٹی بہت اچھی ہوتی تھی - ہاکی سٹک ، کرکٹ کے bat ' ہاکی کے بال یا کرکٹ کے بال ان سب کی بہت زیادہ مانگ اس لئے تھی کہ جہاں ان کے rates competitive تھے وہاں ان کی کوالٹی اچھی تھی -

جناب والا ! جناب خواجہ صاحب نے سرجیکل instruments کا حوالہ دیا ہے اور میں اب جارڈن کے اخبار کا حوالہ دینا چاہتا ہوں - گو یہ ایک پالیسی میٹر ہے اور اس august House میں پالیسی میٹر پر وزراء صاحبان ارشاد فرمائیں گے لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ اس وقت پاکستان کا سپورٹس کا جو مال باہر بھیجا گیا اس پر ہمیں یہاں کافی بدنامی کا سامنا کرنا پڑا - باہر سے جو تاجر لوگ یہاں آتے ہیں ان کو سامان جو دکھایا جاتا ہے وہ اور ہوتا ہے مگر جو سامان ایکسپورٹ کیا جاتا ہے وہ کسی حد تک اس کوالٹی کا نہیں ہوتا جو دکھایا جاتا ہے - خصوصاً سپورٹس گڈز سے متعلق تو وہ لوگ دل برداشتہ ہیں - میں ایک پاکستانی کی حیثیت سے اور اس وقت کے ایک کھلاڑی ہونے کی حیثیت سے عرض کرتا ہوں کہ جب مجھے ان باتوں کا بیرون ملک جا کر پتہ چلتا تھا کہ ہاکی سٹک جس کو ہم سیالکوٹ میں دیکھ کر آئے تھے وہ ہمیں یہاں نہیں ملتی تو ہمیں اس بات سے یقینی طور پر ندامت ہوتی تھی - میں سمجھتا ہوں کہ ایکسپورٹر کو یقینی طور پر حکومت کے تعاون کی ضرورت ہے مگر اس حد تک کہ وہ اپنا ایکسپورٹ کا مال اور سامان دیانتداری اور ایمانداری کے ساتھ بھیجیں گے یعنی جو quotation انہوں نے بیرون ملک کو دی ہے اسی حال میں وہ سامان ایکسپورٹ کریں گے - تو پاکستانی ایکسپورٹرز جو سیالکوٹ سے تعلق رکھتے ہیں اگر وہ quality maintain نہیں کریں گے تو یقینی طور پر اس بات میں پاکستان کو شدید خطرہ لاحق ہوگا کہ ہمارا زر مبادلہ اس شعبہ کا کم ہوگا - لہٰذا ہمیں اس کوالٹی کو improve کرنا ہوگا - ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں - شکریہ -

Mr. Chairman : Thank you.

(More than one members stood up.

Mr. Chairman : Who will wind up ?

Syed Qaim Ali Shah Jillani (Minister for Industries, Kashmir Affairs and Northern Areas) : I think the Commerce Minister will wind up, but I will say a few words in this connection.

[Syed Qaim Ali Shah Jillani]

Mr. Chairman, Sir, about the difficulties which have been projected by Khawaja Mohammad Safdar I would like to say that some of them might be correct. We give importance to this industry. It is a very important and an export orientated industry. It is not only the sports goods industry but also the surgical goods industry and is also export orientated.

Now, these industries are very old industries and they have been quite popular in the world markets. It was, therefore, that as soon as I took over as Industries Minister, I was directed by the Prime Minister to go to Sialkot and see on the spot the situation prevailing in the sports goods industry and surgical industry. This shows not only the eagerness of the Government, but that we are well aware of the problems and difficulties of the different other industries, but of these two industries in particular. Therefore, I paid a visit to Sialkot and had a number of meetings with the sports goods industry representatives and surgical goods industry representatives. Not only myself was there but the representatives of different Ministries were also present there in order to thrash out all the problems on the spot and whatever point of view the representatives of sports goods industry gave, the replies were given from the respective Ministries then and there, and we tried to satisfy them, and I have no hesitation to say that when we ended the meeting they went quite satisfied and we took on the spot decisions in certain matters also.

Now, over and above the things which, I think, Khawaja Sahib has mentioned is the question of ten points. I have not been able to follow his complete speech, as I came subsequently, but there were ten important points raised by the sports goods industry representatives. I will try to highlight those ten points, and the actions the Government has taken. I would like to venture to mention those actions.

Now, they raised a point that India is giving cash subsidy of 30 to 33% on FOB cost on exports. The second point raised was the refund of customs duty on exports. The third point raised was increase in foreign agents commission. Fourth point raised was for credit facilities under Export Refinancing Scheme. Fifth point raised was removal of curbs on foreign travels. Sixth point raised was increase in time limit for repatriation of export earnings. The seventh point raised was for availability of commercial intelligence. The eighth point raised was duty free import of tanned leather. The ninth point raised was for permission to import job lot artificial leather and 10th point raised was for opening of local offices of Controller of Imports & Exports. These were the main points raised. Now, out of these, Sir, we took the decisions on the spot on some of the major items. For example, they say that the commission of the agents has been decreased by the State Bank. I was in contact with the State Bank people and the Finance Ministry, and they by conceded raised the commission, and that decision was conveyed to them there and then. About the refund of customs duty, that means rebate on exports, I gave time-limit to the people after consulting the Finance Minister, and I told them that within two months these dues had to be cleared, and I am happy to say that mostly these dues have been cleared within those two months, and when the representatives met me here in Islamabad, they were quite satisfied with the performance of the customs people. The other point raised was, Sir, about duty free import of tanned leather. Now, on that also, I have no hesitation to say that we

have taken an action, and permission will be given to import job lot. The Commerce Ministry was contacted. I think the Commerce Minister will be in a better position to highlight this but in a meeting they conceded and they say they will look into this and they will give this facility as Khawaja Sahib has said.

Now, Sir, we are really eager to see that this industry should be given suitable and reasonable incentives. It is not because of any policy of the Government that these industries have faced this problem, but it is because of overall conditions, Sir, as we have been repeatedly saying, that international recession and delayed impact of recession is still continuing, and this is one of the grounds because of which there has been little bit slackness in exports.

Now, the other point the representatives themselves conceded was that the season when their exports get boosted up is from April to September and October. Then after October there is slackness in their market. This has happened not this year but during a number of years before also. Therefore, if Khawaja Sahib has quoted the figures of this year between July to December, I would say that those two or three months are also included in this period which is a slack period, and I am told that now after April the exports have started picking up because of a number of measures the Government has taken and still the Government is trying to take more measures in order to see that they get encouragement, and we will try to give reasonable incentives. Whatever reasonable incentives are needed, we will try to give to this industry.

Now, Sir, I do not know whether Khawaja Sahib quoted these figures, the Commerce Minister will be in a better position to give figures. I have also figures of July-December of last year. Between July and December the exports were of the order of 10.8 million dollars. This year July-December, the exports are of the order of 8.7 million dollars. So, the decrease is about one point some million dollars. Now that is not very much substantial. Of course, decrease is there but it is not very much alarming so to say so that we should be alarmed but as I said in spite of that the Prime Minister was so much anxious that he immediately asked me to visit this area and try to satisfy these people, have a meeting with them and try to give decisions on the spot as far as possible.

So far as the policy matters were concerned subsequently we had a meeting with the concerned Ministries, and we thrashed out those matters. Sir, we have given facilities to this industry.

Now the main demand of this industry is of cash subsidy, direct cash subsidy which India is giving. Now, I had a discussion with these people. Although India, perhaps, might be giving cash subsidy but India is not giving the other incentives which we are giving. So comparatively if the cost of production in India is compared with the cost of production of this industry in Pakistan, than I think we are not, these people are not loosers.

Now, Khawaja Sahib has also given the ratio proportion of exchange rate of, perhaps, Indian and Pakistan. I would say that Pakistan currency has still substantial age over Indian currency in spite of the fact that India has revalued its currency recently. Still, Sir, the exchange rate as compared to dollar between India and Pakistan is that Indian rupee value

[Syed Qaim Ali Shah Jillani]

as compared to dollar is about 8.80 whereas the Pakistan rupee value is 9.90. There is an age of about one rupee ten paisa over Indian. That is helping our exporters in a way to get more money in terms of rupees as against dollars. So, Sir, in comparison to India in this connection also the Pakistani exporters have definitely age over India so far currency is concerned.

Then, Sir, other number of measures have been taken by the Government. The export of raw hides and skins was banned, import duty of 25% *a v.* has been removed with effect from 3rd February, 1976 on the raw imported hides and skins because they say they were not getting quality hides and skins. Therefore, the import duty has been removed and then we have set up tanneries in Gujranwala in consultation with the UNIDO and those experts are giving us the expert advice to improve the quality of leather. As I said, Sir, number of measures have been taken. The other point which was raised by Khawaja Sahib is about PIA flights. Now PIA has on the contrary, I would not mention this fact, but I would say that as compared with India, PIA has given better facilities to these people, and they have conceded in my presence when the representative of PIA informed them that they have given better facilities and freight charges of PIA as compared to India are much less so far as sports goods or surgical goods are concerned because mostly the surgical goods are being exported through air.

Then Sir, the other point was raised about the wood which they are using in the hockey sticks and in the tennis rackets. They say that they are getting wood at very high costs. Now the representative of the Punjab Government was there, because it was provincial subject and also the Minister for Forest was there, he said, it is monopoly procurement and nobody else is procuring except these people and if they compete themselves, the Government will be happy and then Sir, this special type of wood is only used for these goods, so in that connection also the Minister tried to convince them that if they do not compete, well basic rates, we fix and after that if they come in auction and quote their own rates, we cannot help it, they compete between themselves. The other point which has been made by the honourable Senator is very important factor and Khawaja Sahib should also concede in this connection that they have to improve the quality of goods. The quality to a certain extent has gone down. If they want to compete in the international market, then they will have to show their work and their quality even if the goods are quite expensive, even if they may be comparatively selling at higher prices but if the quality is good, then definitely the people will be attracted and they will purchase these goods. So I have told them also that they should improve their quality. They were complaining that they are not getting better quality leather and I said, we have made arrangements and tanneries have been set up in Gujranwala for this purpose and they will get better quality leather and if they improve the quality of their goods, I do not think they will fell in difficulty in selling their goods in the international market.

Finally, I would subject Sir, that they have banking facilities also. The Bank people were there and in my presence as well as in their presence, some of them said that they were not getting banking facilities but on the contrary bank people said that although they are the regular customers but they have not got substantial deposits in the bank

but in spite of that, because of their best performance, they have been making advances to them. They have been making advances freely to those people who have got regular business with these banks. Sir, we are still thinking to take certain other measures so as to boost up export and still some measures are under consideration which might be takon in the near future.

So, we are very much alive to the problem of this industry specially, and we will definitely like to see that this industry should prosper, and I think Khawaja Sahib must have noted in the past few years that the export has been quite encouraging and export has been increasing from 1971-72 when it was 8.7 million dollars and it went to 46.6 million dollars. So it has been encouraging because of the various measures which the Government has been taking. So in future also we will take substantial measures and see that the industry should prosper and it should compete in the international market.

Khawaja Mohammad Safdar : Sir, one or two points were left, and I want to speak.

Mr. Chairman : After you, the debate will be rounded off. Yes, you may speak.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! محترم سینیٹر مسعود خان صاحب نے یہ گلا کیا ہے کہ سیالکوٹ کے سپورٹس گڈز کی کوالٹی اچھی نہیں ہوتی اور وہ خود کھلاڑی ہیں جانچ سکتے ہیں ان کو ذاتی شکایات بھی ہے اور جب وہ بیرونی دنیا میں کھیلنے کے لئے گئے تھے تو وہاں بھی ان کو شکایات ملیں ۔ میں جناب والا ! ان کی تردید نہیں کرتا اور نہ کرنا چاہتا ہوں جہاں کروڑوں روپے کا مال باہر جاتا ہے اس میں کچھ lots خراب ہوتی ہوں گی ۔ ضرور ہوتی ہوں گی میں مانتا ہوں لیکن اگر کوالٹی کے اعتبار سے ہم اتنے ہی پست تھے جیسا کہ محترم سینیٹر صاحب نے ارشاد فرمایا ہے ۔ تو جیسے ابھی سید قائم علی شاہ صاحب نے مجھے گواہ بنا کر یہ ارشاد فرمایا ہے کہ قیام پاکستان کے بعد بتدریج بلکہ سرعت کے ساتھ ہماری ایکسپورٹ بڑھ رہی ہے ۔ اگر ہم اتنا ہی گندہ مال باہر بھیج رہے تھے تو ۔ ۔ ۔ قیام پاکستان کے وقت چند لاکھ روپوں سے زیادہ ایکسپورٹ نہیں تھی اور آج ہمیں ملکی برآمدات چوتھا یا پانچواں مقام حاصل ہو گیا ہے ہماری ایکسپورٹ میں اگر اس صنعت کی کوالٹی اتنی ہی گندی تھی تو میں محترم سینیٹر صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ باہر کے لوگ ہمارا مال پھر خریدتے کیوں ہیں ؟ اس پوائنٹ کو مد نظر رکھتے ہوئے کہ جہاں بیس کروڑ یا بائیس کروڑ روپے کا سامان جاتا ہے وہاں دس ، پانچ بیس لاکھ روپے کا سامان ۔ ۔ ۔ یا ممکن ہے اس میں ایک فیصد یا دو فیصد یا تین فیصد خراب مال بھی چلا جاتا ہو اور میں اس کی بھی وجوہات بتاتا ہوں ۔ جناب والا ! کراچی میں ہماری صرف ایک پورٹ ہے اور وہاں اتنا رش

[Khawaja Mohammad Safdar]

ہوتا ہے کہ مہینوں وہاں مال پڑا رہتا ہے - فٹ بال کا سامان چھوڑے کا ہوتا ہے جب وہ دو مہینے کراچی میں ڈمپ ہوا پڑا رہے پھر مہینہ بھر، پندرہ دن جہاز میں پڑا رہے تو ظاہر ہے دوسرے ملک میں جاتے ہوئے مرطوب آب و ہوا کی وجہ سے خراب ہو جائے گا - کئی اور خرابیاں ہو سکتی ہیں اور اس کی کئی وجوہات ہو سکتی ہیں - کوشش یہ کرنی چاہیئے کہ ہماری برآمدات نہ صرف ہمارے لئے زرمبادلہ کمانے کا باعث ہوں - بلکہ ہمارے لئے نیک نامی کمانے کا بھی باعث ہو - مجھے محترم سینیٹر صاحب سے اتفاق ہے لیکن یہ کہہ دینا کہ یہ سارا مال بائیس کروڑ روپے کا جو سال بھر میں جاتا ہے یہ سارا گندہ جاتا ہے تو یہ اپنے ملک سے زیادتی کرنا ہے -

جناب مسعود احمد خان : پوائنٹ آف آرڈر -

خواجہ محمد صفدر : یہ پوائنٹ آف آرڈر کس بات پر ہے -

جناب چیئرمین : مجھے پوچھ لینے دیجئے -

خواجہ محمد صفدر : پوچھ لیں -

جناب مسعود احمد خان : میں نے جناب پورے مال کے متعلق بات نہیں کی کہ بائیس کروڑ روپے کا جو زرمبادلہ کماتے ہیں - وہ تمام سامان ناقص جاتا ہے - قائم علی شاہ صاحب نے بھی کوالٹی پر زور دیا ہے میں نے بھی کوالٹی کی بات کی ہے - کہ کوالٹی یقینی طور پر گری ہے - آپ نے خود تسلیم کیا ہے کہ وہ بیڈ منٹن ریکٹ جو پاکستان بناتا تھا وہ تائیوان والے بنانے لگ گئے ہیں - اس کی بھی وجہ بتائیں نا -

خواجہ محمد صفدر : میں نے وجہ بتائی ہے آپ نے سنی نہیں پوائنٹ آف آرڈر اس قسم کا تو نہیں ہوتا - بہرحال یہ آپ کا کام ہے - تائیوان نے بیڈ منٹن ریکٹ مشینری پر بنانا شروع کیا ہے اس کے ہینڈل میں جو راڈ ہوتی ہے وہ لوہے کی ہوتی ہے - وہ زیادہ خوبصورت ہے اس کا پینٹ زیادہ بہتر ہے - مشینری کے ذریعے پینٹ کیا جاتا ہے اور ہم سے سستا پڑتا ہے ہم ہاتھ سے بناتے ہیں - ہم اس قسم کی خوبصورتی نہیں لا سکتے جس قسم کی خوبصورتی مشینری سے آتی ہے - میرے بھائی جس چیز کے متعلق آپ کو علم نہ ہو بہرحال میں اس کے متعلق کچھ عرض نہیں کرنا چاہتا -

تو جناب والا ! میں ایک بات خصوصیت سے محترم وزیر تجارت کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ آج تک اس صنعت سے متعلق صنعت کار

traditional مال بناتے رہے ہیں - ہاکی بناتے ہیں فٹ بال بناتے ہیں گیند بناتے ہیں کرکٹ بیٹ بناتے ہیں - ٹینس ریکٹ بناتے ہیں - علی ھذاالقیاس یہ traditional صنعت ہے - اس سے اس شہر کا تعلق ہے مگر وہاں کے صنعت کار یہ چاہتے ہیں کہ وہ اور قسم کی نئی نئی صنعتیں بھی شروع کریں جس سے ہم زرمبادلہ کما سکیں ان سے یقیناً ان کا ذاتی فائدہ بھی ہو گا - مثلاً skate skiies Finishing rods and tackles یہ اشیاء پاکستان میں کہیں نہیں بنتیں - ہمارے پاس know-how ہے ہم یہ تمام چیزیں جنہیں winter games کہتے ہیں - یہ تیار کر سکتے ہیں - لیکن ان کے لئے مشینری کی ضرورت ہے - کیوں کہ اس میں اگر تھوڑی سی بھی خرابی ہو - جیسا کہ مسعود احمد صاحب نے ارشاد فرمایا ہے تو وہ خرابی ہرگز قابل برداشت نہیں ہوگی - اس سے کسی کی ٹانگ ٹوٹ جائے گی - کسی کی ہڈی ٹوٹ جا‌ئے گی - ان اشیاء کی measurements درست ہونی چاہئیں accurate - ہونی چاہئیں - ان کی تیاری کے لئے جناب مشینری کی ضرورت ہے اور اگر میں وزیر تجارت کی خدمت میں یہ درخواست کروں کہ اگر کوئی صنعت کار اس قسم کا سامان جسے winter games کہتے ہیں بنانے کے لئے تیار ہو ہمارے ملک میں اس کی لاگت نہیں ہے یہ سب کا سب Export ہو گا تو کیا میں یہ توقع کر سکتا ہوں کہ اس قسم کا سامان تیار کرنے کی مشینری پر جو روائتی فیصد درآمدی ڈیوٹی ہے وہ معاف کر دی جائے گی - یہ ایک incentive ہوگا - ایک ترغیب ہو گی کہ وہ باہر سے مشینری منگا سکیں - اور زیادہ سے زیادہ دس - بیس - پچاس لاکھ روپیہ کی مشینری ہو گی - چونکہ قیمتیں بڑھ گئی ہیں اس لئے ہو سکتا ہے کہ ایک کروڑ کی مالیت کا ہو -

تو اس پر کتنی درآمدی ڈیوٹی بن جائے گی - گورنمنٹ کے خزانے کا بڑا نقصان نہیں ہو گا - آخر میں جناب والا ! میں پھر ایک بار پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ میں وزیر صنعت کا شکر گذار ہوں کہ انہوں نے چند اچھے اقدامات کئے ہیں - وہ سیالکوٹ تشریف لے گئے اور مجھے توقع ہے کہ میرے بڑے عزیز دوست اور بھائی محترم میر افضل خان صاحب وزیر تجارت بھی اولین فرصت میں ان صنعت کاروں کو ملنے کے لئے تشریف لے جائیں گے اور جو کچھ ہو سکا اس صنعت کی امداد کے سلسلے میں وہ کریں گے -

Mir Afzal Khan (Minister for Commerce and Tourism) : Sir, after the very exhaustive and correct analysis of the situation both by Khawaja Mohammad Safdar and Mr. Qaim Ali Shah, Minister for Industries, there is very little left for me to say because they have analysed the situation quite correctly and also the Minister for Industries has explained all the measures that have been taken by the Government to relieve this position. However, I would like to comment on one or two aspects of this problem which are really very relevant.

[Mir Afzal Khan]

The extraordinary boost to our exports, to which Khawaja Sahib has referred, from the years 1971-72 onwards, is primarily due to a very correct and enlightened decision of the Government of Pakistan, *i.e.*, the present Government, a long delayed decision which was not being taken for very short-sighted political games earlier and that was that Pakistan was maintaining a false rate af exchange. This Government took a very bold and, to an extent, unpopular decision by devaluing its currency by 130%. This naturally no only improved the exports in sports goods and surgical instrument industry but, generally, the exports of Pakistan jumped up considerably. It is an irony of fate that Pakistan could not avail of this decision for very long because within two years of this decision, the international trade was faced with a catastrophic position which perhaps is unprecedented in the economic history of the world First, the world experienced a phenomenal rate of inflation in different countries which was soon followed by a deep recession. These are two very vital reason for decline in the world trade as a whole. First, inflation hits the world at this rate and the buying power of every individual is reduced. Naturally, the sports goods, which are not sheer necessity of life, would be affected. Followed by that was the recession in the world which again affected the buying power of those countries and that also affected the exports. However, these are not the only reasons and I appreciate most of what Khawaja Sahib has said. These points as the Minister for Industries has pointed out to you were raised mostly at Sialkot when he visited that place. Mr. Chairman, soon after I took over this Ministry, I had a full-fledged meeting with the representatives of those industries in Islamabad and these are, more or less, the points which they have repeated at all the levels. I would just briefly explain the factual position and if there is any repetition you will excuse me because most of the measures taken by Government have already been enumerated by the Minister for Industries.

Sir, the basic trouble started with this industry when East Pakistan was separated from West Pakistan and the availability of raw hides became difficult. For that reason alone, the Government placed the import of hides on free list and, as pointed out by the Industries Minister, only two months ago, we have removed the 25% duty from that date. He has also pointed out to you, which is another factor which will help the sports goods industry, that very sophisticated and modern tanneries are being set-up in different parts of the country and I hope that a better quality leather will be available to these industries. Another point that Khawaja Sahib has himself highlighted cannot be ignored and that is the question of machinery-made goods. I have not had the fortune of visiting Sialkot yet but I hope I will do so after my return. I do not know whether there are industrialists or manufacturers who will be in a position to set up these factories in Sialkot but this is one field which, I think, should be investigated because, Sir, as he has himslf pointed out, certain things carry premium if they are hand-made but, on the other hand, there are certain things which do not get this merit. For example, there is no aesthetic sense involved in the person that his suit is hand-stitched and better than the machine-made suit. On the contrary, if you are buying tennis racket or a tennis ball or a football it must conform to exact specifications which sometimes if they are hand-made can go wrong specially the new items that he has mentioned those would have to be precision made. But as you know, Sir, this industry

is entirely in the private sector and it would have to be investigated whether any manufacturer in Sialkot or a few of them getting together can form a group to make the necessary investment and go in for machiery. He has verbally made certain suggestions to me regarding the rebate on import duty on machinery for specific use in sports goods. I will take up this matter because according to his suggestion the sports goods industry, if they wish to import machinery, should be given some rebate or perhaps the duty of 20% on the import of machinery should be abolished in their case because these are very small manufacturers and small businessmen and they should be helped. This is a matter that I would look into. It concerns also the Ministry of Finance and I will see what can be done about that.

Sir, the question of subsidy as pointed out by Khwaja Sahib and the Minister for Industries is one of the main demands of this industry. I think that has come a bit late. It is now a bit late in the day to consider that because India as per her last Finance Bill removed the subsidy. So I think that question really does not arise any more.

As far as the dollar and other currencies are concerned, Mr. Chairman, this also has affected the Pakistan exports because, Sir, most countries as you will recall have also been in one sense or another devaluing their currencis and the strength of the Pakistan exporter through the devaluation which Pakistan had introduced has been eroding from time to time. You will have known, sir, and I am also concerned with other commodities of Pakistan which are exported, there are certain countries which more or less have parallel economies lile Pakistan and those countries have been even devaluing their currencies practically every two months. That also has affected the exports of Pakistan.

As far as banking facilities are concerned I will certainly look into it. I am afraid I have no information on it at the moment. What Khwaja Sahib has quoted I cannot comment upon that one way or the other. However, we shall see what we can do about it. I can only say it here that we have recently proposed and the Government is about to take a decision on one matter which is this. So far we were allowing 10% bank rate for non-traditional goods of exports and the other exports were being charged at 13%. We have recommended that all exports should now be at 10%. That credit facilities should be given to all exports not just the non-traditional items.

Sir, I would not have pointed out the fact of quality because I think as quit rightly pointed out by Khwaja Sahib there are certain thing with them which are best left unsaid because when we ourselves start commenting upon these things, the importers naturally take advantage of this. They say your Government itself accepts the fact that your exports are of low quality so you cannot ask for a certain specific price. However, now that the matter has been commented upon I would be inclined to agree with my friend and the Industries Minister that there have been certain lapses on the part of our exporters. With this boom in the export of sports goods some unethical exporters perhaps imagined that this was a position which was likely to stay indefinitely and there were sub-standard consignment which were sent. Our Commercial Secretary in Rome once told me that a whole consignment was placed at his door step by one of the importers and he said that he was quite shocked at the quality of some of those goods. However,

[Mir Afzal Khan]

this is a matter that we have tried to emphasise on the industry and I hope that they will take this into account.

